سوال

(103) دورانِ وضوء سلام کا جواب دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ وضو کرتے وقت سلام کا جواب بھی نہ دینا چاہیے۔ اس لیے آنے والا وضو کرنے والے کو سلام نہ کرے، کیا یہ مسئلہ خود ساختہ ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو کرتے ہوئے ''السلام علیکم'' کا جواب دینا چاہیے۔ کسی حدیث میں نہ سلام کی ممانعت آئی ہے، اور نہ جواب کی۔ نیز جب بحالتِ نماز کسی کو سلام کہنے کا جواز ہے، تو اس حالت میں تو بطریق اولیٰ جواب دینا جائز ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ : 137

محدث فتویٰ